ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(467)

28-08-2023

**بہاولپور(              )وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن،گزشتہ 48 گھنٹے میں متعدد ملزمان گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد کر لی۔ضلع بہاولپور کو منشیات سے پاک کرنے کا عزم۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے ایس ایچ اوز کو سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاری کا ٹاسک دیا،جس کے نتیجہ میں بہاولپور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور ایکشن لیتے ہوئے 48 گھنٹے میں 55 مقدمات درج رجسٹرڈ کئے۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 2143 لیٹر دیسی شراب،266 لیٹر لہن ، 11 عدد چالو بھٹیاں، 20 کلو 679 گرام چرس ، 33 گرام کرسٹل آئس اور 03 کلو بھنگ برآمد کر لی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے بات کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔منشیات مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی،خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔افسران بالا کے احکامات کے مطابق اپنی کارکردگی کو بہتر بنائیں۔اس مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور:وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن،متعدد ملزمان گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد کر لی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(468)

28-08-2023

# بہاولپور(        )آئی جی پنجاب کی ہدایات کے مطابق ڈی پی او سید محمد عباس کی جانب سے بہاولپور پولیس خدمت مرکز سمیت تمام تحصیلوں میں میثاق سینٹر قائم کر دیے، اقلیتی برادری کے تحفظ اور انکے مسائل کے بروقت حل کیلئے اہم اقدامات

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایات کے مطابق اقلیتی برادری کے تحفظ اور موجودہ صورت حال کے پیش نظر بہاولپور پولیس خدمت مرکز سمیت تمام تحصیلوں حاصلپور، یزمان، احمد پور شرقیہ اور خیر پور ٹامیوالی میں میثاق سینٹرز قائم کر دیے گئے۔ جس میں پولیس کا پڑھا لکھا سٹاف تعینات کیا گیا ہے۔ پنجاب پولیس پیغمبر پاک حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے میثاق مدینہ کے عہد اور پاکستان کے قومی بیانیہ کی روشنی میں تمام شہریوں کے مساوی حقوق کو انتہائی اہمیت دیتی ہے۔ان حقوق کا تحفظ یقینی بناتے ہوئے، میثاق سینٹر بہاولپور میں اقلیتوں خاص طور پر مسیحی برادری اور ہندو برادری کا ترجیحی بنیادوں پر خیال رکھا جارہا ہے۔اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے پنجاب پولیس بہاولپور کی جانب سے قائم میثاق سینٹر 24 گھنٹے تمام غیر مسلم کمیونٹیز کے پولیس سے متعلق مسائل کے ترجیحی بنیادوں پر حل کے لئے خدمات کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اقلیتی برادری سمیت تمام شہریوں کے حقوق کا تحفظ یقینی بنانا ہماری اولین ذمہ داری ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ شر پسند عناصر کو بھی واضح پیغام ہیکہ کسی صورت امن وامان کی صورتحال خراب نہیں کرنے دیں گے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: آئی جی پنجاب کی ہدایات کے مطابق ڈی پی او سید محمد عباس کی جانب سے بہاولپور پولیس خدمت مرکز سمیت تمام تحصیلوں میں میثاق سینٹر قائم کر دیے گئے